Downloaded From :http://cbseportal.com/

SET-4

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
Code No. **3/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **12** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کور)
# URDU (Core)

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے                                                    کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours*                                                    *Maximum marks : 100*

.1 درج ذیل (غیر درسی) اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

''تندرستی کا مطلب ہے کہ انسان اپنی طاقت اور توانائی کو قائم رکھے۔ جب تک جسمانی قوت قائم رہتی ہے تمام اعضا اپنا کام صحیح انجام دیتے ہیں، لیکن افسوس آج کے اس دوڑتے بھاگتے دور میں پڑھنے لکھنے، گھر اور دفتر کے کاموں اور دیگر افراتفری میں انسان کے پاس اپنی صحت کے بارے میں سوچنے کا بالکل وقت نہیں۔ تندرستی کی بدولت ہی انسان زندگی کا پورا لطف اٹھا سکتا ہے۔ اس کے لیے انسان کو حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔ مناسب غذا مناسب مقدار میں ہونی چاہیے۔ غذا ہلکی اور سادہ کھائیں جو جلد ہضم ہو سکے۔ بہت سے لوگ کھانے کے لیے جیتے ہیں اور بہت جلد اپنی صحت سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ہمیشہ سوچ سمجھ کر کھانا چاہیے۔ دودھ، پھل، ہری سبزی، دال روٹی، چاول یہ سب صحت قائم رکھنے کے لیے اچھی چیزیں ہیں۔''



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

(i) تندرستی کا کیا مطلب ہے؟

(ii) انسان کے پاس صحت کے بارے میں سوچنے کا وقت کیوں نہیں ہے؟

(iii) زندگی کا لطف کیسے اٹھایا جا سکتا ہے؟

(iv) تندرستی کے لیے کیسی غذا کھانی چاہیے؟

(v) صحت کے لیے کون کون سی چیزیں اچھی ہیں؟

**یا**

''درختوں کی بڑھوتری کے لیے ''وَن دیوس'' کا انقلاب شروع ہوا۔ درختوں کو فروغ دینے کے لیے 1952 میں ایک قانون پاس کرکے یہ مانگ کی گئی کہ زمین کے پورے رقبہ کے تہائی حصّے میں درخت اور جنگلات اگائے جائیں۔ درخت ہماری زندگی کی گہری کھائی کو پاٹ دیتے ہیں۔ ہمارے ملک میں 15000 قسم کے مختلف طرح کے پیڑ پودے پائے جاتے ہیں اور تقریباً سات کروڑ باون لاکھ ہیکٹر پر جنگلاتی زمین ہے۔ آج تمام سائنسداں اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ جنگلات کی پیداوار سے ہی ملک اور قوم کی ترقی ہے۔ اس لیے حکومت اور عوام کو چاہیے کہ درختوں کی حفاظت کو اپنا پہلا کام بنائیں، ویران اور اجاڑ مقامات پر پیڑ پودے لگائے جائیں۔ درختوں کی اہمیت ہماری زندگی میں بہت زیادہ ہے اس لیے اس کی حفاظت کرنا اس کو فروغ دینا ہمارا اوّلین فرض ہونا چاہیے۔''

(i) 'وَن دیوس' کا انقلاب کس لیے شروع ہوا؟

(ii) درختوں کے فروغ کے لیے کیا مانگ کی گئی؟

(iii) ہمارے ملک میں کتنے قسم کے پیڑ پودے اور کتنی جنگلاتی زمین ہے؟

(iv) سائنسداں کس بات پر زور دے رہے ہیں؟

(v) حکومت اور عوام کی کیا ذمہ داری ہے؟



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/
CBSE PORTAL www.cbseportal.com

.2 درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے : 15

(i) سوشل میڈیا کی اہمیت

(ii) تعلیم نسواں

(iii) میرا پسندیدہ رہنما

(iv) ہندوستان کے مسائل

(v) اردو زبان کی خصوصیت اور اہمیت

(vi) سفر کا حال

(vii) دیہات اور شہر

.3 والد کو خط لکھ کر امتحان کی تیاریوں کی تفصیل بتائیے۔ 8

**یا**

پرنسپل کے نام اضافی (ایکسٹرا) کلاسوں کی درخواست لکھیے۔

.4 درج ذیل میں سے کسی **ایک** عبارت کا خلاصہ لکھیے اور اس کا ایک مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے : 7

''ہندوستان جیسے وسیع ملک کو یوں تو بہت سے مسائل درپیش ہیں، لیکن ان میں سب سے بڑا مسئلہ فرقہ پرستی ہی ہے۔ اس فرقہ پرستی سے ہمیں کتنا نقصان پہنچ رہا ہے اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔ ایک طرف ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے تو دوسری طرف فرقہ پرست جماعتیں اپنے ذاتی مفاد کے لیے ایسے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہیں جن سے ملک میں فسادات پھوٹ پڑتے ہیں اور نفرت کی دیوار بلند تر ہو جاتی ہے۔ پس اگر ہم اپنے ملک کی ترقی چاہتے ہیں اس کی سالمیت اور آزادی کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں ملک میں قومی اتحاد پیدا کرنا ہوگا کیوں کہ قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔''



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

**یا**

''اگر ہم دہلی کو چھوٹا ہندوستان کہیں تو کوئی غلط بات نہیں ہوگی کیوں کہ یہاں ہندوستان کے سبھی صوبوں کے لوگ رہتے ہیں۔ یہاں پر ہر طرح کی بولی بولی جاتی ہے۔ ہر طرح کے پھول پھل سبزیاں وغیرہ ملتی ہیں۔ یہ ایک ایسا چمن ہے جس میں ہر طرح کے پھول کھلتے ہیں۔ مگر افسوس آج کل اس خوب صورت شہر میں ہوا کی آلودگی کا بہت بڑا مسئلہ پیدا ہوگیا ہے۔ ذرائع آمدورفت زیادہ ہونے کی وجہ سے اور فیکٹریوں کے دھوئیں کی وجہ سے دہلی میں بہت زیادہ آلودگی پھیل گئی ہے۔ اس کے باوجود دہلی تو دل والوں کا شہر ہے۔ یہاں کی دلکشی کبھی کم نہیں ہوتی۔''

5. درج ذیل محاوروں میں سے صرف **پانچ** کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے : 10

(i) آگ بھڑکنا

(ii) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(iii) مونچھوں پر تاؤ دینا

(iv) خاک میں مل جانا

(v) ناک کٹنا

(vi) بغلیں بجانا

(vii) آؤ بھگت کرنا

(viii) فتنہ کھڑا کرنا

(ix) تانتا بندھنا

(x) جوئے شیر لانا

(xi) پینترا بدلنا

(xii) برس پڑنا

6. علاقے میں حلوائی کی نئی دوکان کھلنے کا اشتہار بنائیے۔ 5



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

7. درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 7

''پورن مل، آگرے کے سیٹھ سرجومل کا اکلوتا بیٹا تھا۔ سیٹھ جی کی خواہش تھی کہ وہ پورن مل کو تھوڑی ہندی اور مہاجنی کا کام سکھا دیں۔ لیکن پورن مل نے انگریزی پڑھنے کے لیے ضد کی اور کسی طرح ایف۔اے۔ تک پہنچ گیا۔ اس کے دوستوں نے اسے مشورہ دیا کہ اگر وہ دنیا میں ترقی کرنا چاہتا ہے تو اسے یوروپ اور امریکہ جانا چاہیے۔ اس نے سیٹھ جی سے اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ سیٹھ سرجومل پرانے خیالات کے سیدھے سادے آدمی تھے۔ انھوں نے اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ آج تک پورن مل کی کوئی بات ٹالی نہ گئی تھی۔ اس نے کھانا پینا چھوڑ دیا۔ مجبوراً سیٹھ جی کو اپنے لاڈلے کی بات ماننی پڑی اور پورن مل ہنسی خوشی امریکہ کے لیے روانہ ہو گیا۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) سیٹھ جی کی کیا خواہش تھی ؟

(iii) پورن مل کون تھا ؟

(iv) دوستوں نے پورن مل کو کیا مشورہ دیا ؟

(v) سیٹھ جی کو اپنے لاڈلے کی بات کیوں ماننی پڑی ؟

**یا**

''ایک مثل مشہور ہے، ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔'' میرا خیال ہے کہ اس کے ساتھ یہ مثل بھی عام ہونی چاہیے ''مجھے دعوتوں سے بچاؤ۔'' گویا دوستوں سے بچنے کے معنی ہی یہ ہیں کہ دعوتوں سے بھی نجات مل جائے گی۔ بھوک کے مانند دعوت کا بھی یہ حال ہے کہ اس کا نہ کوئی وقت مقرر ہے اور نہ موقع۔ کوئی تہوار ہو، تقریب ہو، کوئی مہمان آیا ہو، کوئی چل بسا ہو، رقعۂ دعوت بہر حال موجود ہے۔ دعوت میں نہ جایئے تو غرور یا بے توجہی کی شکایت، جایئے تو معدہ اور عاقبت دونوں خراب۔ میں نے جس جس قسم کی اور جن جن مواقع پر دعوت کھائی ہے وہ بہت کم لوگوں کو نصیب ہوئی ہوگی۔''



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) کون سی مثل مشہور ہے ؟

(iii) بھوک کے مانند دعوت کا کیا حال ہے ؟

(iv) کن کن حالات میں رقعۂ دعوت موجود ہے ؟

(v) دعوت میں جانے سے کیا خراب ہوتا ہے ؟

8. میگھالیہ کی تہذیب ہندوستان کے دوسرے صوبوں کی تہذیب سے کس طرح مختلف ہے ؟ 5

**یا**

غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات لکھیے ۔

9. درج ذیل میں سے صرف **چار** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 8

(i) بدیسی راج نے امراؤ سنگھ اور خان صاحب کو کس خطاب سے نوازا تھا ؟

(ii) فلمی سنگیت میں کن لوک گیتوں سے فائدہ اٹھایا گیا ہے ؟

(iii) جاپانیوں کے گھر کیسے ہوتے ہیں ؟

(iv) چچی کو دعوت پر کس نے مدعو کیا ؟

(v) مصنف کی بیماری کی خبر سن کر سب سے پہلے کون آیا ؟

(vi) جلوس نے بادشاہ سے کیا انعام پایا ؟

(vii) شمسی تالاب پر پھول والوں کی سیر کا کیا جشن ہوتا تھا ؟

(viii) آگرہ بازار سے لوگ بے نیازی سے کیوں گزر جاتے تھے ؟



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

.10 رباعی کی تعریف لکھیے اور جگت موہن لال رواں کی رباعیوں کی خصوصیات بھی تحریر کیجیے۔ **10**

**یا**

مثنوی کی تعریف لکھیے اور بتایئے کہ میر نے اپنی مثنوی میں اپنے گھر کا کیا حال بیان کیا ہے؟

.11 درج ذیل میں سے کوئی **ایک** شعری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

یہ سرزمین ہے گوتم کی اور نانک کی
اس عرضِ پاک پہ وحشی نہ چل سکیں گے کبھی
ہمارا خون امانت ہے نسلِ نو کے لیے
ہمارے خون پہ لشکر نہ پل سکیں گے کبھی
کہو کہ آج بھی ہم سب اگر خموش رہے
تو اس دمکتے ہوئے خاکداں کی خیر نہیں
جنوں کی ڈھائی ہوئی ایٹمی بلاؤں سے
زمیں کی خیر نہیں آسماں کی خیر نہیں

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے ماخوذ ہے اور اس کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(ii) شاعر نے سرزمین کو کس سے منسوب کیا ہے؟

(iii) ''ہمارا خون امانت ہے نسل نو کے لیے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) اگر سب خاموش رہے تو کیا ہوگا؟

**یا**

روش خام پہ مردوں کی نہ جانا ہرگز
داغ تعلیم پہ اپنی نہ لگانا ہرگز
نام رکھا ہے نمائش کا ترقی و رفارم
تم اس انداز کے دھوکے میں نہ آنا ہرگز
رنگ ہے جن میں مگر بوئے وفا کچھ بھی نہیں
ایسے پھولوں سے نہ گھر اپنا سجانا ہرگز
نقل یوروپ کی مناسب ہے، مگر یاد رہے
خاک میں غیرت قومی نہ ملانا ہرگز

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے ماخوذ ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ''نمائش کا نام ترقی و رفارم رکھا ہے'' سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iii) ''رنگ ہے جن میں مگر بوئے وفا کچھ بھی نہیں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) شاعر نے غیرت قومی کسے کہا ہے؟



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From :http://cbseportal.com/

12. درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کر کے لکھیے : 5

(i) رشید احمد صدیقی کی تحریر 'دعوت' صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

(a) افسانہ (b) ناول (c) انشائیہ

(ii) مکتوب نگاری کے لیے کون مشہور ہے؟

(a) غالب (b) میر (c) اقبال

(iii) امراؤ سنگھ اور دلدار خاں کس افسانہ کے کردار ہے؟

(a) گاؤں کی لاج (b) بڑے بول کا سر نیچا (c) کفن

(iv) ''بے مثال گلوکارہ - لتا منگیشکر'' کا ترجمہ کس نے کیا ہے؟

(a) حبیب تنویر (b) کمار گندھرو (c) کرشن چندر

(v) 'جاپان' کس کا سفرنامہ ہے؟

(a) اعظم کریوی (b) کرشن چندر (c) قرۃ العین حیدر



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE